جلد ٤٠ — نمبر ٤٦

رامپور اسٹیٹ گزٹ
RAMPUR STATE GAZET

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ٢٨ جمادی الاول ١٣٤٧ھ مطابق ١٢ نومبر ١٩٢٨ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
١	اضافہ ... کونسل خاندان	١
٢	... سپرنٹنڈنٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات	١
٣	بابت تکمیل ... خرچ	٢
٤	تبادلہ نائب مدرس ...	٢
٥	برخاستگی ...	٢
٦	توسیع مدت ...	[illegible]
٧	اضافہ حافظ محمد یعقوب خان ...	[illegible]
٨	[illegible]	[illegible]
٩	... تعطیلات ...	[illegible]
١٠	تقرری محمد اسحاق ... نائب مدرس	[illegible]
١١	برخاستگی مدرس ...	[illegible]
١٢	اضافہ سید ...	[illegible]
١٣	نقشہ ...	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

یکم نومبر ١٩٢٨ء

مثبتہ رپورٹ ممبر صاحبان کونسل خاندان معروضہ ٢٥ اکتوبر ١٩٢٨ء دربارہ اضافہ تنخواہ صاحبزادہ سید ارشاد اللہ خان بہادر اہلمد کونسل خاندان مشاہرہ دار بارہ روپیہ اضافہ بقدر تین روپیہ بوجہ محنت کام و قلت تنخواہ۔

حکم

بموجب رپورٹ صاحبزادہ سید ارشاد اللہ خان بہادر اہلمد دفتر کونسل خاندان کی موجودہ تنخواہ میں تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

٣ نومبر ١٩٢٨ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات دربارہ اضافہ مبلغ دس روپیہ ماہوار بابو فاروق حسین بی اے سپرنٹنڈنٹ دفتر بموجب گریڈ منظور شدہ ماہ ... از یکم اکتوبر ١٩٢٨ء۔

حکم

بموجب گریڈ منظور شدہ دس روپیہ ماہوار آخری اضافہ یکم اکتوبر ١٩٢٨ء سے حسب رپورٹ

ستور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۳۰ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

اکثر جمع خرچ چند چند مرتبہ آڈٹ سے ضابطہ کی تکمیل نہ ہونے کی بنا پر واپس ہوتے ہیں - اور علاوہ مجرائی میں تاخیر کے کام میں بھی طوالت ہوتی ہے - دوسرے جمع خرچ سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ بجٹ کے کس مد کے متعلق ہے - چند مرتبہ پہلے بھی ہدایت جاری کی گئی ہیں کہ حسب دستور العمل آڈٹ جمع خرچ پورے طور پر مکمل کر کے بھیجے جایا کریں - لیکن اس پر پورا عمل اکثر صیغہ جات سے نہیں ہوتا - لہذا آیندہ اس دشواری کو رفع کرنے کے لئے تجویز کیا گیا کہ ہر جمع خرچ کے ساتھ ایک نقشہ لگایا جائے جسمیں کل امور کی جنکی تکمیل ضروری ہو صحیح کیفیت تحریر کیجایا کرے - مسودہ نقشہ منسلک روبکار ہے جسمیں تمام امور کے خانے رکھے گئے ہیں - بعض صیغہ جات کے جمع خرچ میں امور مندرجہ نقشہ کے علاوہ بعض خاص امور تکمیل کے قابل ہوتے ہیں مثلاً جیل کے جمع خرچ خوراک قیدیان میں وصول باقی اجناس ایسے خاص امور کی تکمیل نسبت نقشہ کے آخر میں نوٹ کر دیا جایا کرے - اور ایکے ان تعلق کو کافی ہدایت کیجائے کہ آیندہ کوئی جمع خرچ نامکمل نہ بھیجا جائے - ورنہ مدارک مناسب کیجائیگا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل گزٹ میں شائع کیجائے -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نام محکمہ	نمبر	جمع خرچ [illegible]	[illegible]	متعلق مد [illegible]	[illegible]	بجٹ [illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادلہ

۳۱ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس - محمد صدیق نائب مدرس مدرسہ بہوٹ بقال پرگنہ سوار تنخواہ دار ۱۵ ماہوار کا تبادلہ مدرسہ دہاولی حسن پور تحصیل بلاسپور میں کیا گیا بجائے نامبردہ مدرسہ بہوٹ بقال میں سے عبدالحق چہارم پاس کا تقرر بمشاہرہ ۱۵ ماہوار امتحاناً برائے چند ماہ کیا گیا - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

یکم نومبر ۱۹۲۸ء

حسب الحکم اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم سید حسن جعفر ہیڈ ڈانگیاب ماسٹر ملازم ہائی اسکول برخاست کیا گیا - ہیڈ ماسٹر صاحب انکی جگہ کے لئے دوسرے شخص کو تلاش کر کے برائے تقرر رپورٹ کریں - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

یکم نومبر ۱۹۲۸ء

محبت شاہ مدرس مدرسہ [illegible] تحصیل سوار کی مدت ملازمت غیر مستقل میں ۲۲ر نومبر ۱۹۲۸ء سے آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۵ر نومبر ۱۹۲۸ء

مثل عرضی حافظ محمد یعقوب اہلمد اجلاس جوڈیشل مشاہرہ [illegible] درخواست اضافہ تنخواہ بوجہ محنت و مستعدی -

حکم

حافظ محمد یعقوب خان اہلمد اجلاس کی تنخواہ میں یکم نومبر ۱۹۲۸ء سے ایک روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مسدودی مدرسہ

۶ نومبر ۱۹۲۸ء

مدرسہ کھودپورہ پرگنہ حضور تحصیل بوجہ کمی طلبا مسدود کیا گیا۔ اور اشرف علیخان مدرس مدرسہ کھودپورہ کا تبادلہ مدرسہ دھنوپورہ تحصیل شاہ آباد میں کیا گیا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادلہ

۶ نومبر ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس - فخرالدین مدرس مدرسہ کاشی پور پرگنہ حضور تحصیل شاہ آباد [illegible] ماہوار کا تبادلہ مدرسہ [illegible] پور تحصیل شاہ آباد میں کیا گیا - بجائے نامبردہ کے عزت حسین [illegible] پرائمری پاس کا تقرر بشاہرہ [illegible] ماہوار امتحاناً برائے چند ماہ کیا گیا

لہذا حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۶ نومبر ۱۹۲۸ء

درخواست ملازمان مطبع ملاحظہ ہوئی - ملازمان مطبع کو بمقابلہ عام دفاتر سرکاری کے چند تعطیلات کم ملتی ہیں جنکی استدعا ہے کہ بصراحت کارگزاری پر اضافہ کر لیا جاوے اور تعطیلات مطبع مطابق عام دفاتر کے تعطیلات کے کر دیجائیں - اور ایک [illegible] فی پریس اضافہ کرنا چاہتے ہیں - چونکہ سرکاری کام اس استدعا کی منظوری سے کوئی حرج نہیں ہوتا اس لئے انکی منظوری دیجاتی ہے - کہ مطبع میں تعطیلات موافق نقشہ تعطیلات عام دفاتر ہوا کرینگی مگر شرط یہ ہے کہ اگر ضرورت ہوگی تو ملازمان مطبع کو بلا عذر جملہ تعطیلات میں کام کرنا ہوگا اور یہ کہ جملہ تعطیلات میں اگر شہر سے باہر جانا ہوگا تو اجازت لینا ضرور ہوگا - اور غیر معمولی تعطیلات جو اتفاقاً دیجاتی ہیں مطبع میں نہیں دیجائینگی اور سرکاری کام ہر وقت بلا عذر و حیلہ انجام دینا ہوگا - احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل گزٹ میں شائع کیا جائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۶ نومبر ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس - محمد اسحاق اردو مڈل پاس کا تقرر مدرسہ [illegible] میں نائب مدرس [illegible] بشاہرہ [illegible] ماہوار امتحاناً تا آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک کے لئے منظور کیا گیا - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۶ نومبر ۱۹۲۸ء

احمد حسین مدرس مدرسہ [illegible] پرگنہ تحصیل بلاسپور کی نسبت جون ۱۹۲۸ء میں حکم دیا گیا تھا کہ قابل ملازم رکھنے کے نہیں ہیں - دو سال سے نامبردہ کا کام خراب ہوتا ہے بنا بریں سال گذشتہ انکی تنخواہ میں تنزل کیا گیا - امسال درسی کام کے لئے انکو تین ماہ کی مہلت دیگئی مگر بوقت معائنہ سب ڈپٹی انسپکٹر وہ مدرسہ سے غیر حاضر تھا اور رجسٹر میں طلبا کی حاضری فرضی درج تھی - تعداد طلبا بھی مدرسہ میں کم ہوگئی - لہذا نامبردہ برخاست کیا گیا - اور بجائے انکے احمد حسین ولد عبدالکریم پرائمری پاس کا تقرر بشاہرہ [illegible] ماہوار امتحاناً برائے چند ماہ کیا گیا - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

اضافہ

۴ نومبر ۱۹۲۸ء

[illegible] صاحب انجینیر دربارہ اضافہ تنخواہ بقدر پانچ روپیہ سید [illegible] بشاہرہ [illegible] سب اوورسیر [illegible]

حکم

حسب سفارش صاحب انجینیر سید [illegible] الحسن [illegible] دفتر تعمیرات [illegible] کی موجودہ تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار کا اضافہ منظور کیا جاتا ہے [illegible] احکام ضابطہ صادر [illegible] مرسل ہو۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

ضمیمہ گزٹ ریاست رامپور نمبر ۲۶

مطبوعہ ۲۱ نومبر ۱۹۲۸ء جلد ۲

نقشہ نرخ غلہ اجناس ریاست رامپور ہفتہ اول ماہ نومبر ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم						۹۵	دیگر تحصیلات سے اطلاعات نہیں آئیں
نخود خالص						۶۲	
نخود کسہ آمیز						۱۰۲	
[illegible]						۱۰۲	
ماش						۱۰۵	
مونگ						۱۰۵	
مکا						۱۰۸	
جوار						۱۸	
کودوں						۱۵	
[illegible]						۱۶	
ارہر						۱۴	
برنج						۱۵	
روغن زرد						۲/۱۰	
روغن سیاہ						[illegible]	
روغن کنجد						۱۴	
نمک سانبھر						۱۳	
نمک لاہوری						۱۸	
قند سیاہ						۱۳	
باجرہ						۱۱	

نقشہ گوشوارہ و حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ششماہی دوم اپریل لغایت ستمبر ۱۹۲۸ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہنود	عورت مسلمان	عورت ہنود	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	ہنود	تفصیل اموات: ایک سال سے ۵ سال تک مرد	عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک مرد	عورت	۱۲ سال سے زیادہ مرد	عورت	میزان مرد	عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	ہنود	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	بخار	پیچش	تکالیف تنفس	زخمی و مجروح	طاعون	دیگر امراض و میزان	کیفیت
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	27	28
کوتوالی	184	36	10	32	369	284	85	134	83	21	6	116	113	243	202	333	123	14	16	232	-	-	·	·	265	
گنج	102	13	69	12	191	129	30	92	43	24	11	50	58	176	112	241	34	7	3	159	109	·	·	·	248	
حوالی شہر	86	103	67	55	312	153	158	29	44	12	5	36	30	80	59	42	43	·	·	143	·	3		·	142	
[illegible]	131	118	93	62	393	313	180	50	36	4	4	72	34	134	83	94	120	·	·	199	6	1	·	·	206	
شاہ آباد	03	259	56	239	928	140	298	83	83	10	26	134	175	219	235	150	303	6	2	·	320	2	·	231	153	
[illegible]	69	282	30	214	905	106	294	42	51	11	16	64	59	130	122	139	303	1	10	·	228	3	·	·	292	
ملک	80	239	43	345	952	132	812	102	88	12	5	151	203	298	190	21	294	·	1	·	253	10	·	·	492	
بلاسپور	209	93	89	102	400	198	202	53	59	12	19	99	98	125	143	124	144	·	·	305	1	5	·	·	311	
کیمری	138	213	36	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	57	15	5	102	98	199	158	189	195	1	2	·	349	5	·	·	253	
سوار	86	66	53	39	222	139	105	29	21	8	10	63	45	86	63	90	43	·	·	·	149	2	·	1	123	
ٹانڈہ	220	122	103	66	460	242	219	92	89	31	39	120	169	283	314	245	151	3	·	·	489	2	·	·	190	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	35	38	[illegible]	[illegible]	[illegible]	·	[illegible]	[illegible]	